برائے دھم جماعت نمونہ سوالی پرچہ زبان اول اردو ۲۱-۲۰۲۰

SSLC URDU MODEL QUESTION PAPER 3

TIME : 3hr   MARKS : 100   وقفہ: تین گھنٹے   مارکس:۱۰۰

I دیئے گئے سوالات کے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں صحیح جواب چن کر لکھئے   1X6=6

۱) عموماً شعراء مجموعہ کلام کی ابتداء اسے کرتے ہیں

۱) حمد   ۲) نعت   ۳) مرثیہ   ۴) رباعی

۲) ارکان کی تکرار سے پیدا ہونے والا وزن کہلاتا ہے

۱) علم عروض   ۲) تقطیع   ۳) بحر   ۴) اوزان

۳) وہ منظوم کلام جس کا ہر شعر معنی کے اعتبار سے مکمل ہوتا ہے

۱) مرثیہ   ۲) قطعہ   ۳) نظم   ۴) غزل

۴) رباعی لفظ اس لفظ سے مشتق ہے

۱) مدح   ۲) ربع   ۳) جدا   ۴) خدا

۵) صورت کے لحاظ سے جملے کی قسمیں ہیں

۱) چار   ۲) دو   ۳) تین   ۴) پانچ

٦) کلام میں متضاد الفاظ کا استعمال کہلاتا ہے

۱) تلمیح   ۲) تکرار   ۳) تضاد   ۴) تشبیہ

II پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کے لئے مناسب جوڑ لگائے   1X4=4

۷) مزدلفہ: ایک مقام :: قصوا : ____________________

۸) سدا : ہمیشہ :: صدا : ____________________

۹) ہدایت کرنے والا: ہادی:: مہارت رکھنے والا: ____________________

۱۰) نعت: ماہر القادری :: سرحدوں کا جال : ____________________

III درج ذیل سوالات کے ایک جملے میں جواب لکھئے   1X7=7

۱۱) دم وداع شاعر کس سے بخشش کی طلبگار ہے؟

۱۲) خطبہ حجۃ الوداع کے بعد کس صحابی اذان دی؟

۱۳) لال قعلے کے مشاعرے میں سنائی گئی جوش کی نظم کا عنوان کیا تھا؟

۱۴) اخلاق کے موتی کس نے برسائے؟

۱۵) دائی کس طرح بہلایا کرتی تھی؟

۱۶) آنکھیں کس نے دان کی تھیں؟

۱۷) حضرت فاطمہؓ کا نور عین کس کو کہا گیا ہے؟

IV درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے 2x10=20

۱۸) غلام اور خدام کے حسن سلوک کے بارے آپؐ نے کیا ارشاد فرمایا؟

۱۹) ہم پر حضورؐ کی کیا کیا عطائیں ہیں

۲۰) نہرو اندرا کی فرمائش کا کیا جواب دیا؟

۲۱) پرنسپل بھرنارائن کی ساری زندگی کس کام گذاری؟

۲۲) حضرت امام حسینؓ کے امت کے واسطے کیا کچھ کر گزرنا چاہتے تھے؟

۲۳) سرحدیں انسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں؟

۲۴) موسیقی کی دنیاں میں خسرو کی ایجادات کیا ہیں؟

۲۵) حضورؐ نے عورتوں کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

۲۶) نہرو اور جوش کی دوستی کس قسم کی تھی؟

۲۷) امیر خسرو کو قومی یکجہتی کا پیامبر کیوں کہا جاتا ہے ؟

V تین یا چار جملوں میں جواب لکھئے 3x11=33

بحوالہ متن وضاحت کیجئے

۲۸) '' اگلی بار جیل گیا تو تم فقط ''ہائے فراق'' رہ جاؤ گے

۲۹) ''لوگو امن وسکون کے ساتھ لوگو امن وسکون کے ساتھ''

۳۰) ''پھر سارا دیش ہمارے محلّہ جیسا کیوں نہ بنے''

درج ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے

۳۱) سید سلیمان ندوی

درج ذیل شاعر کا تعارف لکھئے

۳۲)میر انیس

درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے

۳۳) نہ سنو گر برا کہے کوئی		نہ کہو گر برا کرے کوئی

۳۴) یہ جنت مبارک رہے زاہدوں کو		کہ میں آپ کا سامنا چاہتا ہوں

۳۵) سب کا تو مدوا کر ڈالا اپنا ہی مداوا کر نہ سکے		سب کے تو گریباں سی ڈالے اپنا ہی گریباں بھول گئے

درج ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھئے

۳۶) درج الفاظ میں سے مناسب قوافی کے جوڑ بنائیے

جاگ	ذروں	موڑا	عطا	رک
جھک	حیا	دروں	توڑ	بھاگ

۳۷) مرکب جملے کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے

۳۸) صنعت تلمیح کی تعریف لکھئے مثال کے ساتھ	یا	صنعت تشبیہہ کی تعریف کرتے ہوئے ارکان تشبیہہ لکھئے

VI درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے		4x5=20

۳۹) اپنی نصابی کتاب سے حمد کے چار اشعار برزبانی لکھئے

یا

مرثیہ نظم کے آخری دو بند سے کوئی چار اشعار برزبانی لکھئے

۴۰) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے	۱ جگنو	یا	۲) سرحدوں کا جال

۴۱) امیر خسرو کی شاعرانہ اور فنکارانہ صلاحیتوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

۴۲) حجتہ الوداع کے موقعہ پر دئے گئے خطبہ میں حضورؐ نے حسن معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا؟

یا

ودیا چرندجی نے آپریشن کے بعد کی تقریر میں بھارت کے متعلق کیا کہا؟

۴۳) درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھ کر نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے

میر گھر کے سامنے ایک باغ ہے اس میں بہت سے پودے اور درخت ہیں بہار کے موسم میں کئی رنگ کے پھول کھلتے ہیں ان کی خوشبو ارد گرد پھیل جاتی ہے شام کو باغ آدمیوں عورتوں اور بچوں سے بھر جاتا ہے لوگ ادھر ادھر پھرتے ہیں اور لطف اٹھاتے ہیں بچے باغ میں دوڑتے ہیں اب وہ یہاں ہیں اور دوسرے

لمحے وہ باغ کے دوسرے کونے میں ہیں ہر شام میں بھی باغ میں سیر کے لئے جاتا ہوں بہت سے مالی کی دیکھ بھال کرتے ہیں

سوالات

۱) موسم بہار میں باغ کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

۲) باغ میں بچے کیا کرتے ہیں؟

VII اجزائے ترکیبی کالحاظ رکھتے ہوئے درج ذیل میں سے کوئی ایک خط لکھئے 5x1=5

۴۴) اپنے میر معلم کے نام ایک خط لکھئے جس میں دو دن کی چھٹی کی طلب کی گئی ہو

یا

اپنے والد کے نام خط لکھئے جس میں اپنی پڑھائی کا ذکر کیا گیا ہو

VIII کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے 5x1=5

۴۵) ۱) آن لائن تعلیم ضروری ہے یا نہیں

۲) کوویڈ ۱۹ کے احتیاطی تدابیر

☆☆☆☆☆

ہائی اسکول اردو ٹیچرس فورم ضلع شیموگہ

Prepared by

1) MUSRATH FATHIMA 2) USMA 3) BI BI SUMAIYA